★★★★ اَلَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ: جس نے قلم سے لکھنا سکھایا (القرآن) ★★★★

ABC Certified سرگودھا، رحیم یار خان اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت اردو اخبار

dailywafadsgd1@gmail.com www.dailywafad.com

اعلیٰ صحافتی اقدار کا علمبردار

روزنامہ وفد سرگودھا

DAILY WAFAD SARGODHA

چیف ایڈیٹر: میاں محمد شوکت

مینجنگ ایڈیٹر: چوہدری ظہیر عباس

جمعۃ المبارک، 22 ذالعقد، 1445ء 31 مئی، 2024، 17 جیٹھ 2080، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 266



انچارج وفاقی محتسب ریجنل ھیڈ سرگودھا مشتاق احمد اعوان کھلی کچہری میں شکایات سنتے ہوئے

# انچارج وفاقی محتسب ریجنل ہیڈ مشتاق احمد اعوان کی میانوالی آمد

## صوبائی محتسب آفس میانوالی میں وفاقی محکموں کیخلاف 41 رجسٹرڈ عوامی شکایات سنی

میانوالی (احمد حسن) انچارج وفاقی محتسب ریجنل ھیڈ سرگودھا مشتاق احمد اعوان کی میانوالی آمد۔ صوبائی محتسب آفس میانوالی میں وفاقی محکموں کے خلاف 41 رجسٹرڈ عوامی شکایات سنی۔ تفصیلات کے مطابق انچارج وفاقی محتسب ریجنل ھیڈ سرگودھا نے فیسکو، سوئی گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، بیت المال، ریلوے، ای او بی آئی اور دیگر وفاقی محکموں کے خلاف رجسٹرڈ عوامی شکایات کی سماعت کی اور موقع پر ان کو حل کیا۔ انھوں موقع پر آنے والے سائلین سے شکایات کی درخواستیں وصول کیں۔ اس موقع پر انچارج وفاقی محتسب ریجنل ھیڈ سرگودھا مشتاق احمد اعوان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب کا موٹو انصاف آپ کی دہلیز پر ہے۔ انھوں کہا کہ ہم ہر ماہ دور دراز اضلاع میں جا کر لوگوں کے مسائل انکی دہلیز پر حل کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ محتسب کا ادارہ عوام کا وکیل ہے جو 60 دن کے اندر اندر عوامی شکایت کا فیصلہ کرتا ہے اور جو لوگ محتسب آفس نہیں آسکتے ان کی سہولت کے پیش نظر ایسے سائلین کی شکایات بذریعہ ٹیلی فون سنی جاتی ہیں۔